# عدالت العالیہ آزاد جموں وکشمیر مظفرآباد

## آسامیاں خالی ہیں

اشتہار نمبر: 01/2022(HC)

مورخہ: 05 دسمبر 2022ء

**اُمیدواران صرف "ONLINE" درخواست ہاء/فارم جمع کرواسکتے ہیں**

آزاد جموں وکشمیر ہائیکورٹ اسٹیبلشمنٹ میں ذاتی معاون (Personal Assistan) بی ایس۔ 17 کی "Open Merit" کی بذیل اسامیاں مستقل بنیادوں پر خالی ہیں، جن پر آزاد جموں وکشمیر ہائیکورٹ اسٹیبلشمنٹ (تقرری وشرائط ملازمت) قواعد 2020ء کے تحت تقرری کے لیئے خواہشمند اور مطلوبہ اہلیت اور قابلیت کے اُمیدواران باشندہ ریاست جموں وکشمیر (مرد وخواتین) سے انتخاب/ٹیسٹ وانٹرویو کے انعقاد کے لیئے درخواستیں مطلوب ہیں:۔

| S. No. | Name of Posts with Grade/ Scale | No. of Posts | Qualification/ Eligibility/ Age |
|---|---|---|---|
| | **Azad Jammu & Kashmir High Court Establishment** | | |
| 01 | Personal Assistant (BPS-17) | 05 | ***Qualification and Eligibility:***<br>(i) Graduate from recognized University.<br>(ii) A speed of 80/40 WPM in English Shorthand/ typing and 70/40 WPM in Urdu Shorthand/ Typing.<br>***Age:***<br>21-35 Years |

### درخواست ہاء دینے کا طریقہ کار اور ہدایات:

01۔ صرف متذکرہ اہلیت وموزونیت کے حامل (Eligible) اُمیدواران ہی درخواست دے سکتے ہیں۔

02۔ اُمیدواران اپنی درخواست ہاء/فارم صرف "ONLINE" جمع (Submit) کرسکتے ہیں۔ درخواست/فارم عدالت العالیہ کی آفیشل ویب سائٹ/ویب پورٹل http://www.ajkhighcourt.gok.pk/ پر تاریخ مقررہ تک دستیاب ہے۔

03۔ اُمیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ "درخواست ہاء دینے سے قبل متعلقہ کیڈر/اسامی کی "Job Description" جو عدالت العالیہ کی ویب سائٹ پر الگ سے دستیاب ہے، کو بغور پڑھیں اور ذہن نشین بھی کرلیں"۔

04۔ مقررہ حد عمر میں نرمی آزاد جموں وکشمیر سول سرونٹس ریکروٹمنٹ (Relaxation of Age Limit) قواعد 1997ء کے تحت ہی زیر غور لائی جائے گی۔

05۔ درخواست ہاء کی وصولی کی آخری تاریخ 23 دسمبر 2022ء (بروز جمعۃ المبارک) ہے، درخواست گزاران متذکرہ تاریخ بوقت 11:59 بجے رات تک اپنی درخواست ہاء Online جمع (Submit) کرواسکتے ہیں۔

06۔ میرٹ کے فروغ اور مایوسی سے نپٹنے کے لیئے اُمیدواران/درخواست گزاران کو اُن کے مفاد میں یہ مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ براہ راست درخواست دینے سے پہلے اِس امر کو یقینی بنائیں کہ وہ جسمانی اور ذہنی طور پر تندرست، صحت مند اور قواعد وضوابط اور انتخابی معیار کے تمام تقاضوں کو پورا کرتے ہیں۔

07۔ Online فارم انتہائی احتیاط سے پُر کیا جائے اور درست اور صحیح معلومات فراہم کی جائیں۔ فارم جمع (Submit) کرنے سے قبل اُمیدواران/درخواست گزاران ترمیم کرسکیں گے، لیکن ایک مرتبہ فارم جمع ہونے کے بعد اِس میں ترمیم نہیں کی جاسکے گی اور نہ ہی کسی ترمیم کی اجازت دی جائے گی۔ مشتہر کردہ اسامیوں میں اضافہ کی کوئی درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔ نامکمل درخواست ہاء فوری طور پر مسترد کردی جائیں گی۔ فیس کے بغیر کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔

08۔ متذکرہ بالا اسامیاں کے لیئے درخواست گزاران مبلغ -/1800 (اٹھارہ سو) روپے کی ناقابل واپسی "Processing" فیس سٹیٹ بینک آف پاکستان مظفرآباد برانچ میں اکاؤنٹ نمبر: 101 بنام آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر میں ڈیپازٹ سلپ پر درج ذیل معلومات درج کر کے جمع کرواسکتے ہیں:۔

Scanned with CamScanner

موبائل نمبر: ____________________

ایڈریس: ____________________

09۔ درخواست گزاران کے لیئے آن لائن فارم پر ڈیپازٹ سلپ کا نمبر اور تاریخ درج کرنا ہوگی۔

10۔ کسی بھی اسامی کے لیئے ایک مرتبہ ادا کردہ فیس کسی دوسری اسامی پر بھرتی کے لیئے استعمال نہیں کی جاسکتی۔

11۔ اُمیدوار آن لائن جمع کروائی گئی درخواست ہا کی "Hard Copy" اور اصل ڈیپازٹ سلپ بذریعہ ڈاک بنام رجسٹرار عدالت العالیہ آزاد جموں وکشمیر مظفرآباد ارسال کریں۔ درخواست فارم اور ڈیپازٹ سلپ کی ایک کاپی بغرض یادداشت اپنے پاس سنبھال کر رکھیں۔

12۔ اُمیدواران کی "Short-Listing" کے لیئے 'Screening' ٹیسٹ لیا جائے گا، جس میں اُمیدواران کی مختصر نویسی (اُردو اور انگریزی) کی اہلیت جانچی جائے گی۔

13۔ صرف "Short-Listed" درخواست گزاران/اُمیدواران کو ٹیسٹ/تحریری امتحان اور انٹرویو کے لیئے بلایا جائے گا۔ جس کے لیئے الگ سے 'Call-letters' جاری ہوں گی۔ "Short-Listed" اُمیدواران/درخواست دہندگان کے لیئے ٹیسٹ وانٹرویو کے وقت تمام دستاویزات (تعلیمی اسناد: میٹرک، انٹرمیڈیٹ (F.A/ F.Sc)، گریجویشن (B.A, B.Sc) وغیرہ، اضافی اسناد/ پروفیشنل ڈگری وغیرہ، کریکٹر سرٹیفکیٹس، پیشنٹی سرٹیفکیٹ، ڈومیسائل، شناختی کارڈ، ڈپلومہ مختصر نویسی، سرٹیفکیٹ تجربہ (Experience Certificate) وغیرہ) کی تصدیق شدہ (Attested True Copies) جمع کروانا لازمی ہوں گی۔

14۔ اُمیدواران رابطہ کے لیئے اپنا درست موبائل نمبر/ واٹس نمبر اور "Email" اپنی درخواست فارم میں لازمی درج کریں۔

15۔ اُمیدواران کو ٹیسٹ وانٹرویو کے لیئے باقاعدہ طلب کیا جائیگا۔ تفصیلی جانچ پڑتال/ چھان بین کے دوران اگر کوئی بھی معلومات جھوٹی یا غلط پائی گئی یا اُمیدوار مختصر نویسی میں بالکل نابلد پایا گیا تو ایسی صورت میں متعلقہ اُمیدوار کیخلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جاسکتی ہے اور آئیندہ ہمیشہ کے لیئے عدالت العالیہ ومحکمہ عدل وانصاف کی کسی بھی اسامی پر تقرری کے لیئے ناموزوں قرار دیا جاسکتا ہے۔

16۔ سرکاری ملازمین اپنی درخواست ہا محکمانہ/مجاز اتھارٹی کی توسط اور محکمانہ NOC کے ساتھ جمع کروائیں۔ محکمانہ NOC کا نمونہ ویب سائٹ پر الگ سے دیا گیا ہے۔

17۔ آن لائن درخواست ہا/ فارم میں اُمیدواران اپنا نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، تعلیمی قابلیت، تجربہ، ایڈریس، رابطہ نمبر وغیرہ بالصراحت/ بالوضاحت اور درست ہجوں (Spelling) کے ساتھ درج کریں۔ Online درخواست ہا کے ساتھ حالیہ فوٹوگراف 'Attach/ Upload' کریں۔

18۔ مجاز اتھارٹی مشتہر کردہ اسامیوں کی تعداد میں کمی/بیشی اور بغیر وجہ بتائے کوئی بھی درخواست مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔

19۔ ٹیسٹ/انٹرویو میں شرکت کے لیئے اُمیدواران کو کوئی T.A/ D.A نہیں دیا جائیگا۔

20۔ کامیاب اُمیدواران کی تقرری مکمل طبی معائنے، جسمانی/طبی Fitness، کریکٹر سرٹیفکیٹ اور کسی قسم کا کریمنل ریکارڈ نہ ہونے سے مشروط ہوگی۔

21۔ آن لائن درخواست ہا جمع کروانے یا ویب سائٹ پورٹل کی نسبت انتہائی ضروری معلومات/ وضاحت درکار ہو تو دفتر ہذا کے ٹیلیفون نمبر "05822-924306" پر رابطہ کریں۔

راجہ راشد نسیم خان

رجسٹرار

AJK-185-N/12/22

www.pidajk.gok.pk

Scanned with CamScanner